کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صحت کے نظام کو باہر سے آکر کوئی بہتر نہیں کرے گا ہم نے مل کر ہی اس کو بہتر کرنا ہے، نظام کو ٹریک پر لانے کیلئے چوبیس گھنٹے سائنسی بنیادوں پر کام کررہے ہیں، حکومت کی کمٹمنٹ ہے عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا، ہمارا عزم ہے کہ صوبے کے ہر شخص کو علاج کی سہولت فراہم کریں، 1600 ڈاکٹر کنٹریکٹ پر تعینات کیے گئے ہیں، جنہیں ایک دو روز میں اضلاع میں تعینات کیا جائے گا جس سے صحت کے شعبے پر مثبت اثرات سامنے آئیں گے، عیدالفطر کے بعد این آئی سی وی ڈی کی طرز پر اسپتال کا افتتاح اور ہر ضلع میں اس کے یونٹس بنائے جائیں گے، یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں محکمہ صحت سے متعلق ارکان اسمبلی کو بریفنگ اور ان کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہی، اجلاس کی صدارت صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے کی، قبل ازیں وزیر اعلیٰ و قائد ایوان میر سرفراز بگٹی نے ایوان میں بلوچستان اسمبلی کے قواعد وانضباط کار مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر 170 (ڈی) کے تحت تحریک پیش کی کہ محکمہ صحت سے متعلق ارکان اسمبلی کو تفصیلی بریفنگ دینے کی بابت بلوچستان اسمبلی کے ہال (چیمبر) کو کل ایوان کی مجلس تشکیل دیا جائے، تحریک کی منظوری کے بعد صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ارکان کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ صحت کا تعلق عام عوام سے ہے، یہ بلوچستان اسمبلی کی اچھی روایت ہے اس کی کارکردگی اصلاحات کے حوالے سے بریفنگ میں ارکان اسمبلی کی تجاویز کو شامل کرکے مستقبل میں پالیسیاں تشکیل اور ترجیحات کا تعین کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ 1600 ڈاکٹر کنٹریکٹ پر تعینات کیے گئے ہیں، جنہیں ایک دو روز میں اضلاع میں تعینات کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے حوالے سے پروپیگنڈا کیا گیا کہ حکومت سرکاری اسپتالوں اور اثاثوں کو فروخت کررہی ہے، ہمارا عزم ہے کہ صوبے کے ہر شخص کو علاج کی سہولت فراہم کریں گے، اس لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت عوام کو سہولیات کی فراہمی کا آغاز کردیا گیا ہے، صوبے میں بہت سے ایسے علاقے ہیں جہاں کوئی جانے کو تیار نہیں وہاں کے لوگوں کا بھی حق ہے کہ انہیں صحت کی سہولیات میسر آئیں، پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ ایک دورانیہ کا ہے جس کو کسی بھی وقت ختم کرسکتے ہیں، حکومت جو ماڈل متعارف کرا رہی ہے اس کے تحت کوئی ڈاکٹر بے روزگار نہیں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ چار ماہ کے دوران پرائمری ہیلتھ کیئر کے حوالے سے دیگر صوبوں کے صحت کے نظام کا مشاہدہ کرنے کے بعد روڈ میپ ترتیب دیا گیا ہے، صوبے میں دس آئی سی یوز فعال کیے جارہے ہیں، عملے کو تین ماہ کی تربیت کیلئے بھجوایا گیا ہے، محکمے میں مزید قوانین بنائے جائیں گے، فیصلہ سازی کے عمل میں ماہرین کی رائے شامل کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے پر عوام کے اعتماد کو بحال کرنا ہے اور حکومت نے اس کا آغاز کردیا ہے، دو روز قبل وزیر اعلیٰ بلوچستان تکلیف کے باعث پانچ گھنٹے تک شیخ زید اسپتال میں زیر علاج رہے، میری بچی تین تک چاڈران اسپتال میں زیر علاج رہی۔ ٹرانسفر پوسٹنگ کا اختیار اضلاع کو منتقل کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صوبے کے ہر فرد کے علاج معالجہ کیلئے سالانہ 5 ہزار روپے ادا کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ارکان اسمبلی نے محکمہ صحت کی بہتری کے حوالے سے جو تجاویز دی ہیں وہ ہمارے لئے حوصلہ افزا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ویژن کے مطابق این آئی سی وی ڈی کی طرز پر عیدالفطر کے بعد اسپتال کا افتتاح اور ہر ضلع میں اس کے یونٹس بنیں گے۔ کینسر کے مریضوں کے علاج کیلئے ادویات اور آلات خریدے جارہے ہیں، بلوچستان کیلئے اگر 3 ارب روپے کی ادویات بھی خریدی جائیں تو بھی ناکافی ہوں گی، حکومت کی کمٹمنٹ ہے کہ عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لئے ڈویلپمنٹ بجٹ سے بھی کٹوتی کرنی پڑی تو کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو یقین دلاتے ہیں کہ صحت کے نظام کو ٹریک پر لانے کیلئے چوبیس گھنٹے سائنسی بنیادوں پر کام کررہے ہیں، جو بھی ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف ڈیوٹی انجام نہیں دے گا ان کے خلاف کارروائی ہوگی۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ صوبے کی ستر فیصد آبادی خط غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہی ہے، جس میں دیگر عوامل کے ساتھ ان کے علاج معالجے پر آنے والے اخراجات بھی شامل ہیں، صوبے میں دوران زچگی خواتین کی ہونیوالی اموات کی شرح دیگر صوبوں سے زیادہ ہے، صوبے میں 1488 مراکز صحت قائم ہیں جن میں 7500 ڈاکٹر اور دیگر عملہ تعینات ہے جبکہ 13000 اسامیاں پروموشن نہ ہونے اور دیگر وجوہات کی بناء پر خالی ہیں۔

## سبی میلے میں عوام اپنی بھرپور شرکت یقینی بنائیں، سردار کوہیار ڈومکی

### بلوچستان بھر کے مالدار پورا سال میلے کا شدت کے ساتھ انتظار کرتے ہیں، بیان

سبی (نامہ نگار) صوبائی وزیر تمندار سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تاریخی وروایتی سبی میلے میں عوام اپنی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں یہ ایک ایسا ایونٹ ہے جس کا صوبے بھر کے لوگ خصوصاً مالدار پورا سال شدت سے انتظار کرتے ہیں میلے میں جانوروں کی بہت بڑی منڈی لگائی جاتی ہے جبکہ لوگوں کی تفریح کے لیے سردار چاکر خان ڈومکی اسٹیڈیم میں ہارس اینڈ کیٹل شو زرعی وصنعتی نمائش سرکس گراؤنڈز کے پروگرام محفل موسیقی آتش بازی اور دیگر پروگرام بھی منعقد کرائے جاتے ہیں صوبائی وزیر نے کہا ہے کہ یہ سبی کے عوام کا اپنا میلہ ہے اس میں بلوچستان کے مختلف علاقوں سے لوگ آتے ہیں جن کی مہمان نوازی بھی ہمارا فرض ہے۔

## لیاقت لہڑی ٹرانسپورٹ، مجید بادینی ایس اینڈ جی اے ڈی کے پارلیمانی سیکرٹری مقرر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کیبنٹ سیکشن کے جاری ایک اعلامیہ کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے میر لیاقت لہڑی کو پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ ٹرانسپورٹ جبکہ جماعت اسلامی کے عبدالمجید بادینی کو پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی مقرر کردیا ہے۔

## سبی کا تاریخی میلہ آج شروع ہوگا

سبی (نامہ نگار) سبی کا تاریخی سالانہ میلہ آج 13 فروری سے شروع ہورہا ہے صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی روایتی میلے کا افتتاح کریں گے افتتاحی تقریب دن 10 بجے سبی کے سردار چاکر خان ڈومکی اسٹیڈیم میں ہوگی جس میں صوبائی وزراء مختلف محکموں کے صوبائی سیکرٹریز اور دیگر اعلیٰ حکام شرکت کریں گے تلاوت کلام اور نعت کے بعد قومی ترانہ ملی نغمہ سبی کے مختلف سکولوں کے طلباء کا پی ٹی شو موٹر سائیکل جمپ جوڈو کراٹے گھڑ دوڑ نیزہ بازی جانوروں کی نمائشی پریڈ اور دیگر پروگرام ہونگے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 13 FEB 2025 Page No. 15

## آرمی چیف

# بلوچستان اور خیبرپختونخوا کے لوگ دہشتگردوں کیخلاف آہنی دیوار کی طرح کھڑے ہیں

پاکستانی عوام، بالخصوص نوجوانوں کا پاک فوج سے ایک انتہائی مضبوط رشتہ ہے، ملک دشمن عناصر کی فوج اور عوام کے درمیان خلیج ڈالنے کی کوشش ہمیشہ ناکام رہی ہے اور رہے گی، ان شاء اللہ

**چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر کی پاکستان بھر سے مختلف جامعات سے آنے والے اسٹوڈنٹس سے ملاقات اور بات چیت کی، آئی ایس پی آر**

راولپنڈی (آن لائن) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستانی عوام، بالخصوص نوجوانوں کا پاک فوج سے ایک انتہائی مضبوط رشتہ ہے، ملک دشمن عناصر کی فوج اور عوام کے درمیان خلیج ڈالنے کی کوشش ہمیشہ ناکام رہی ہے اور رہے گی، انشاء اللہ ہمیں اپنے مذہب، تہذیب اور روایات پر فخر ہے، آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر کی پاکستان بھر سے مختلف جامعات سے آنے والے اسٹوڈنٹس سے ملاقات اور بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے آئین کا آغاز بھی اِنَ الحکم اِلاّ للہ (حاکمیت صرف اللہ کی ہے) سے ہوتا ہے، یہ فتنہ الخوارج کس شریعت اور دین کی بات کرتے ہیں؟، ہم کبھی بھی فتنہ الخوارج کو اپنی فرسودہ سوچ ملک پر مسلط نہیں کرنے دیں گے، غیور خیبر پختونخواہ اور بلوچستان کے غیور لوگ دہشت گردوں کے خلاف آہنی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔

# ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی نے 3 شکایت ملنے پر لیویز اہلکاروں کو معطل کردیا

**اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ بگٹی کو مزید تفتیش کیلئے انکوائری آفیسر مقرر کردیا**

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی نے 3 شکایت ملنے پر لیویز اہلکاروں کو معطل کردیا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ڈیرہ بگٹی کے سب تحصیل پیرکوہ کے رہائشی نصیر احمد نامی شخص نے پہلے بزریعہ سوشل میڈیا بعدازاں ذاتی طور پر ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی زوہیب احمد کے سامنے پیش ہوکر 3 لیویز اہلکاروں کے خلاف اختیارات کے ناجائز استعمال اور مبینہ ناروا رویے کی شکایت کی درخواست گزار کی درخواست بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

پر ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی نے بدانتظامی کے شکایت کی روشنی میں 3 لیویز اہلکاروں سپاہی مہر اللہ سپاہی محمد خان اور سپاہی میر حسن اقوام نوسانی بگٹی کو معطل کرکے مزید تفتیش کے لئے اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ بگٹی حسنین ابڑو کو انکوائری آفیسر مقرر کردیا۔

# ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے آئی جی بلوچستان کی ملاقات، امن وامان پر گفتگو

**ملاقات کے دوران سیکیورٹی صورتحال اور درپیش چیلنجز اور ان کے حل پر بھی غور**

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے آئی جی بلوچستان نے کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن وامان کے حالات، اور صوبے میں عوام کے تحفظ کے لئے کئے جانے والے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بقیہ نمبر 14 صفحہ 5 پر

بلوچستان میں سیکیورٹی کی صورتحال اور لا اینڈ آرڈر کی بحالی کے حوالے سے درپیش چیلنجز اور ان کے حل پر بھی غور کیا گیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے بلوچستان میں امن وامان کی بحالی کے لئے سیکیورٹی فورسز کی انتھک محنت اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور پولیس اہلکاروں نے عوام کے تحفظ اور امن کے قیام کے لئے اپنے جانوں کا نذرانہ پیش کرکے مثالی قربانیاں دی ہیں، جو تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ سیدال خان نے کہا کہ بلوچستان میں امن واستحکام کے لئے سیکیورٹی فورسز کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ بلوچستان کی لا اینڈ آرڈر کی صورتحال پر مؤثر حکمت عملی کی ضرورت ہے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے اس بات پر زور دیا کہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے مؤثر حکمت عملی اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کے قیام کے لئے سیکیورٹی اداروں کو مزید مستحکم بنانے اور ان کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دینے کی ضرورت ہے تاکہ عوام کا اعتماد بحال کیا جاسکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 13 FEB 2025

Bullet No. 3 Dated: JANG QUETTA Page No. 17


## رہنماؤں کی جھوٹے مقدمات میں قید و بند پالیسیوں کا تسلسل، پشتون سیاسی جماعتیں

**سیاسی جمہوری جدوجہد سے دستبردار نہیں ہونگے، امن وامان پر حکومتی کارکردگی بدنما داغ ہے، رہنماؤں کا ژوب میں خطاب**

ژوب (پ ر) پشتون ملتپال سیاسی جمہوری پارٹیوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشتون قومی سیاسی تحریک کے رہنما سابق ایم این اے علی وزیر کی جھوٹے اور دروغ گوائی پر مبنی مقدمات اور پشتون قومی جرگے کے رہنماؤں ملک نصیر خان کوکی خیل، حاجی صمد لالا اور حقیار مسعود کو جھوٹے مقدمات میں قید رکھنا درحقیقت ریاست، نام نہاد غیر نمائندہ حکومتوں اور مقتدر اداروں کی جانب سے پشتون افغان ملت کی قومی غلامی کو مسلط رکھنے اور پشتون قومی سیاسی تحریک کی سیاسی جمہوری جدوجہد کو سبوتاژ کرنے کی ناکام سازشیں ہیں جبکہ پشتون قومی سیاسی تحریک کو ایسے غیر آئینی، غیر قانونی، متعصبانہ اور نسل پرستی پر مبنی پالیسیوں اور اقدامات کے ذریعے اپنے سیاسی جمہوری جدوجہد سے کسی صورت دستبردار نہیں کر سکتے بلکہ ریاست اور اُن کے نام نہاد حکمرانوں کی جانب سے پشتون ملت اور اُن کے رہنماؤں کے خلاف ایسے انسانیت دشمن اقدامات ہمارے عوام کو مزید متحد و منظم ہونے اور جدوجہد تیز کرنے کے باعث ہونگے، ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نقیب افغان، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے اراکین عبدالعزیز ایڈووکیٹ، پشتون تحفظ موومنٹ کے رہنما عثمان خان زیارمل، پشتونخوا نیپ کے مرکزی کمیٹی کے رُکن مولوی عبداللہ مندوخیل اور ضلعی ڈپٹی سیکریٹری اجمل خان نے ژوب بازار میں احتجاجی جلسے خطاب میں کیا۔ مقررین نے کہا کہ علی وزیر، ملک نصیر خان کوکی خیل سمیت تمام پشتون سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کی جھوٹے مقدمات میں قید و بند درحقیقت استعماری بالادست قوم کی پشتون دشمن پالیسیوں کا تسلسل ہے جن کے خلاف بی سے لیکر سوات تک تمام پشتون عوام نے متحد ہوکر آواز بلند کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال سے زائد عرصہ کے باوجود چمن پرلت کے مطالبات تسلیم کرنے سے روگردانی بھی بدترین امتیازی سلوک کا ثبوت ہے اور چمن تا غلام خان تا طورخم تا باجوڑ تمام ڈیورنڈ لائن پر موجود تاریخی راستوں پر بغیر پاسپورٹ پر آمدورفت اور تجارت پر پابندی پشتون افغان عوام کی معاشی ناکہ بندی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بڑی شاہراہوں سمیت مختلف علاقوں میں جعلی دہشتگردی، بدامنی، بھتہ خوری اور اغواء برائے تاوان کے واقعات نام نہاد غیر نمائندہ صوبائی حکومت اور اُن کے اداروں کی کارکردگی پر بدنما داغ ہے جو امن وامان کے نام پر اربوں روپے خرچ کرکے بلاتمیز تمام عوام کو سر و مال اور عزت کے تحفظ کا فریضہ پورا نہیں کر سکتے۔

MASHRIQ QUETTA

## جماعت اسلامی کا "حق دو بلوچستان مہم" کے تحت کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کے دھرنے کا اعلان

**بلوچستان کے حقوق، لاپتہ افراد کی بازیابی اور ناانصافی کے خاتمے کے لیے جماعت اسلامی کی تحریک تیز**

**بلوچستان کے وسائل کی حفاظت اور عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رہے گی، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حقوق بلوچستان کے حصول، ظلم و جبر لاقانونیت کے خاتمے، لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے جماعت اسلامی کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کا دھرنا دیگی حق دو بلوچستان مہم کے تحت کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد جمع کرنے میں سب کو ساتھ دینا ہوگا۔ جماعت اسلامی و برادر تنظیمات کے ذمہ داران تیاری میں تیزی لے آئے۔........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

تاکہ شہری و عوام تاجر دکاندار، نوجوان و طلبا سمیت سب اس تحریک کا حصہ بنیں۔ حق دو بلوچستان مہم بلوچستان کے محرومیوں کو ختم، حقوق کے حصول کی قومی تحریک ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے برادر تنظیمات کے سربراہان اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں حق دو بلوچستان مہم کے تحت کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کی تیاری کے حوالے سے مشاورت و منصوبہ بندی کی گئی اجلاس میں مولانا ہدایت الرحمان نے برادر تنظیموں کو مزدور، ٹیچرز، طلبا، علمائے کرام سمیت دیگر طبقات کو شریک کروانے کیلئے اہداف دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے سلگتے مسائل کے حل، حقوق کے حصول کا جدوجہد جماعت اسلامی کے پلیٹ فارم سے ممکن ہے

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان کا علاقہ سندھ نے اپنے ضلع میں شامل کرلیا، بی این پی

**معاملے پر بلوچستان حکومت کی خاموشی اور بے خبری سوالیہ نشان ہے، انگریزوں نے بھی بلوچستان کے کئی علاقوں کو سندھ، ایران اور افغانستان میں شامل کردیا تھا**

**سندھ حکومت کی جانب سے ڈاڈھیارو کو سیاحتی علاقہ قرار دینے کا جاری نوٹیفکیشن بدنیتی پر مبنی ہے**

خضدار (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے جاری کردہ بیان میں سندھ حکومت کی جانب سے ڈاڈھیارو کو سیاحتی علاقہ قرار دینے والے نوٹیفکیشن پر شدید ردعمل ظاہر کیا۔ انہوں نے کہا حکومت سندھ نے بلوچستان کی تحصیل کرخ کے یونین کونسل بھلونک کے علاقے "ڈاڈھیارو کتے جی قبر" کو سندھ کے ضلع قمبر شہداد کوٹ میں از خود ڈالنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ اس معاملے پر حکومت بلوچستان کی خاموشی و بے خبری سوالیہ نشان ہے۔ اس سے پہلے انگریزوں نے بلوچستان کے کئی علاقوں بقیہ نمبر 66 صفحہ 5 پر

کو سندھ، ایران، اور افغانستان میں شامل کردیا تھا ڈاڈھیارو ہمیشہ بلوچستان کا حصہ تھا اور ہمیشہ رہے گا، اور بلوچستان پر گندی نظر رکھنے والے عناصر ناکام ہوں گے۔ اور کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے ثقافت، سیاحت، نوادرات اور آرکائیوز ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ یہ نوٹیفکیشن بدنیتی پر مبنی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ حکومت، خاص طور پر زرداری ٹولہ ایک طرف حب، دوسری طرف ڈاڈھیارو اور بھی کسی اور علاقے پر اپنی نظر رکھ کر اس قسم کی سیاسی سازشوں کو بڑھاوا دے رہا ہے، جو کہ بلوچ اور سندھی کے درمیان نفرتیں پیدا کرنے کے مترادف ہے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی حکومت سندھ کو خبردار کرتا ہے کہ ڈاڈھیارو کبھی بھی سندھ کا حصہ نہیں بنے گا اور ایسے جعلی نوٹیفکیشنوں سے صرف ایک دوسرے کے درمیان دشمنی اور نفرتوں کو ہوا ملے گی۔ انہوں نے سندھ حکومت اور زرداری ٹولہ سے مطالبہ کیا کہ وہ ہوش کے ناخن لیں اور اس قسم کی اشتعال انگیزی سے باز آئیں تاکہ عوامی سطح پر اس سے مزید نفرتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 13 FEB 2025 Page No. 18

## ڈھاڈر میں فائرنگ سے باپ بیٹا جاں بحق

ڈھاڈر (نامہ نگار) ڈھاڈر میں بدھ کو نامعلوم افراد نے لعل محمد کی بیٹھک میں گھس کر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں لعل محمد ولد حضور بخش رند اور اس کا بیٹا عبدالشکور جاں بحق ہو گئے ملزمان واردات کے بعد آسانی کے ساتھ فرار ہو گئے لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کر دی گئیں۔

## گڈانی: 3.3 ملین ڈالر کی منشیات برآمد

حب (نامہ نگار) پاکستان کوسٹ گارڈز نے خفیہ اطلاع پر گڈانی میں چھاپے کے دوران ایک عمارت سے 2 سو کلو اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کر لی جو بیرون ملک اسمگل کی جانی تھی ترجمان کوسٹ گارڈز کے مطابق منشیات کی عالمی مارکیٹ میں مالیت 3.3 ملین ڈالر کے لگ بھگ ہے۔

## دکی میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی

دکی (آن لائن) پرانا دکی گرڈ اسٹیشن کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سابق ضلعی چیئرمین زکوۃ ملک محمد نواز خان ترین زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان، چوکیوں پر حملے فائرنگ سے 3 افراد قتل

پروم میں نامعلوم افراد چوکیوں پر حملے کے بعد وہاں موجود اسلحہ اور دیگر سامان بھی ساتھ لے گئے، آواران میں بھی چوکی پر حملہ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، گاڑیوں پر بھی فائرنگ

ڈھاڈر میں مسلح افراد کی فائرنگ سے باپ بیٹا جاں بحق، فوری طور پر قتل کی وجہ معلوم نہ ہو سکی، ڈیرہ اللہ یار میں بھی فائرنگ، ایک شخص جان سے گیا، دوسرا زخمی

کوئٹہ + بولان + ڈھاڈر (نامہ نگار + نیوز ایجنسیاں) ڈھاڈر میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، قتل ہونے والے میں باپ بیٹا شامل قتل کی وجوہات فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکی تفصیلات کے مطابق ضلع کچھی کے ہیڈ کوارٹر ڈھاڈر میں بدھ کے روز نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 2 افراد کو قتل کر دیا اور موقع واردات سے بآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں باپ اور بیٹا شامل ہے جنکی کی شناخت عبدالشکور ولد لعل محمد، لعل محمد ولد حضور بخش اقوام رند سے ہوئی جنہیں نامعلوم افراد نے انکے بیٹھک (اوطاق) میں گھس کا فائرنگ کر کے قتل کیا جاں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

بحق افراد کی لاشوں کو سول ہسپتال ڈھاڈر میں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔ علاوہ ازیں بلوچستان کے اضلاع پنجگور اور آواران میں نامعلوم افراد نے لیویز فورس کی چوکیوں پر حملہ کر کے اسلحہ اور دیگر سامان قبضے میں لے لیا، جبکہ فورسز کے لیے رسد لے جانے والی گاڑیوں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ رات آواران کے علاقے یزداو اور پنجگور کے علاقے پروم میں نامعلوم حملہ آوروں نے لیویز چوکیوں پر حملہ کیا اور وہاں موجود اسلحہ و دیگر سامان اپنے ساتھ لے گئے۔ ان واقعات میں کسی قسم کی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، جبکہ حکام کی جانب سے تاحال کوئی موقف سامنے نہیں آیا ہے۔ مزید برآں، پنجگور کے تحصیل پروم میں مسلح افراد نے دو گاڑیوں پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں دو مزدا ٹرکوں کو نقصان پہنچا۔ ذرائع کے مطابق یہ گاڑیاں فورسز کی پوسٹوں پر رسد پہنچا کر واپس آ رہی تھیں، جب انہیں نشانہ بنایا گیا۔ علاوہ ازیں ڈیرہ اللہ یار شیر دل ہائی سکول کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل اور ایک کو زخمی کر دیا ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ پولیس نے لاش اور زخمی شخص کو ڈیرہ اللہ یار ہسپتال منتقل کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق افسوس ناک واقع جعفر آباد کیشمر ڈیرہ اللہ یار میں گورنمنٹ ہائی اسکول شیر دل خان کے قریب پیش آیا جہاں پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کیا یک شخص کو قتل جبکہ ایک شخص کو زخمی کر دیا۔

## کوئٹہ میں تربت سے تعلق رکھنے والے دو افراد لٹ گئے

تربت (نامہ نگار) کوئٹہ میں تربت سے تعلق رکھنے والے دو افراد لٹ گئے، گزشتہ دنوں بی ایم سی کوئٹہ کے ڈاکوؤں نے تربت کے دو نوجوانوں رحیم جان عبید ولد عبیداللہ سکنہ چاہ سر، قمبر داؤد ولد داؤد سکنہ شاہی تمپ کو لوٹ لیا اور ان سے ان کے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

بٹوے چھین لئے جس میں شناختی کارڈ، اے ٹی ایم کارڈز و دیگر اشیاء تھے، ڈاکو واردات کے بعد فرار ہو گئے۔

## حب شہر میں مسلح ڈاکوؤں نے ایک اور ہندو تاجر کو لوٹ لیا

حب (نمائندہ انتخاب) حب شہر میں مسلح ڈاکوؤں نے ایک اور ہندو تاجر کو لوٹ لیا نقد اور موبائل فون سے محروم کر دیا واردات کے بعد باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ حب شہر میں اسد چوک کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے نیو ماشاءاللہ کریانہ اسٹور پر دھاوا بول دیا اسلحہ کے زور پر ہندو تاجر سے نقدی رقم اور قیمتی موبائل فون لوٹ کر فرار باآسانی فرار ہو گئے حب شہر میں ڈکیتی کی وارداتوں پر ہندو تاجروں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔

## بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ایک بڑا چیلنج ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ویڈیو لنک کے ذریعے بلوچستان اسٹرٹیجی سمٹ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 220 ارب روپے کے محدود ترقیاتی وسائل کے ساتھ پاکستان کے 43 فیصد رقبے پر مشتمل بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ایک بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بیشتر مسائل ترقیاتی منصوبوں (PSDP) کی مس مینجمنٹ کی وجہ سے ہیں اور پی ایس ڈی پی بک پر پی ایچ ڈی کی جا سکتی ہے۔ گزشتہ سال 78 فیصد ترقیاتی اسکیموں کو ٹیکنیکل اپروول کے بعد بجٹ کا حصہ بنایا گیا، اور حکومت پرعزم ہے کہ آئندہ بجٹ میں 100 فیصد منظور شدہ منصوبے بجٹ کا حصہ ہوں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کی شرح 40 فیصد رہی، تاہم موجودہ حکومت میں پہلی بار فروری میں یہ شرح 68 فیصد تک جا چکی ہے اور قوی امید ہے کہ جون تک 90 سے 92 فیصد تک پہنچ جائے گی وزیراعلیٰ نے عالمی سرمایہ کاری کے حوالے سے کہا کہ ڈیووس میں ایک امریکن نے انہیں بتایا کہ میکسیکو کے حالات بھی بلوچستان جیسے تھے لیکن انہوں نے بزنس مواقع ضائع نہیں کیے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھی میکسیکو کے ان تجربات سے سیکھتے ہوئے آگے بڑھ سکتا ہے انہوں نے کاروباری برادری اور عالمی و قومی غیر سرکاری اداروں سے اپیل کی کہ وہ آگے بڑھیں، کیونکہ حکومت اکیلے تمام مسائل حل نہیں کر سکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ جب تک بزنس کمیونٹی اور سرمایہ کار آگے نہیں آئیں گے، عام آدمی سردی میں ٹھٹھرنے اور گرمی میں جھلسنے کے مصائب سے دوچار رہے گا ریکوڈک کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بیرک گولڈ کارپوریشن کے سربراہ نے ان سے ذخیرہ آب کے لیے اراضی کا مطالبہ کیا تھا، جس پر حکومت نے فیصلہ کیا کہ بلوچستان خود ڈیم بنا کر انہیں پانی فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ نوکنڈی، ریکوڈک سمیت مختلف علاقوں میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور دیگر ممالک سرمایہ کاری میں دلچسپی رکھتے ہیں، اور حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاروں کو انڈسٹریل اسٹیٹ، ہاؤسنگ اسکیمیں اور جملہ سہولیات فراہم کی جائیں گی انہوں نے یقین دلایا کہ بلوچستان بینک کے قیام کے لیے سنجیدہ اقدامات جاری ہیں، اور بحیثیت وزیراعلیٰ حلف اٹھانے کے ساتویں روز انہوں نے اس بینک کے قیام کی ہدایت دی تھی۔ کنسلٹنٹ نے ابتدائی فزیبلٹی رپورٹ جمع کرا دی ہے، اور مزید پیش رفت جاری ہے، جس سے بزنس کمیونٹی کو مالی امور میں آسانیاں میسر آئیں گی۔ تب تک بلوچستان حکومت کے خودمختار ادارے نجی بینکوں کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے مائننگ سیکٹر پر بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کو اس شعبے سے خاطر خواہ ریونیو نہیں مل رہا، تاہم اس کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مائننگ سیکٹر کو انڈسٹری کا درجہ دینے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں اور اگلی نشست میں جب ملاقات ہوگی، تب مائنز کو باقاعدہ انڈسٹری کا درجہ حاصل ہو چکا ہوگا۔ اس سے مائنز کے مزدوروں کی ورکرز ویلفیئر بورڈ میں رجسٹریشن بھی ممکن ہوگی اور مائننگ لائسنس کے اجرا میں آسانی پیدا کی جائے گی انہوں نے توانائی کے مسائل پر بات کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں سولر اور ونڈ انرجی پر کام جاری ہے، کیونکہ بلوچستان میں ایشیا کا بہترین ونڈ کوریڈور موجود ہے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سولر پارک بنائے جا رہے ہیں تاکہ سرمایہ کاروں کو کارخانے لگانے کے لیے حسب ضرورت بجلی اور گیس کی سہولت فراہم کی جا سکے۔ حکومت 49 میگاواٹ تک بجلی خود بنا سکتی ہے، اور سولر پارک کے ذریعے کاروباری طبقے کو سستی بجلی دی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی پی ایس ڈی پی کے ذریعے 2 لاکھ 39 ہزار 570 نوکریاں پیدا کی جا سکتی ہیں۔ سرمایہ کاروں کو ون ونڈو کے تحت ہر سہولت فراہم کی جائے گی، اور کوئی بیوروکریٹک رکاوٹ یا ریڈ ٹیپنگ نہیں ہوگی۔ سرمایہ کار آئیں، حکومت انہیں زمین دے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 13 FEB 2025 Page No. 21


## سرمایہ کاری کے مواقع: حکومت کا دوٹوک اور قابل ستائش عزم

بلوچستان سمیت ملک بھر میں سرمایہ کاری کے جو لامحدود اور بے انتہاء مواقع موجود ہیں ہر چند کہ ماضی میں ان مواقع سے خاطر خواہ استفادے کے لئے وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات اور منصوبہ بندی کا فقدان رہا تاہم یہ بات ماننی اور تسلیم کرنی چاہئے کہ حالیہ کچھ عرصے کے دوران وفاق سے صوبوں تک وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے بھرپور توجہ مرکوز کی ہے اور بالخصوص خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کا فورم جب سے معرض وجود میں آیا ہے اس کی بدولت ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ و بڑھوتری کے حوالے سے بہت سی کامیابیاں اور فوائد وثمرات ملے ہیں ہم سرمایہ کاری کے فروغ و بڑھوتری کے حوالے سے حکومت کے عزم کو سراہتے ہیں اور اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے زیادہ سے زیادہ فروغ کے حوالے سے جاری اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا۔ ملک میں سرمایہ کاری کے جو بے انتہاء مواقع موجود ہیں ان کا ذکر حالیہ دنوں سعودی عرب میں منعقدہ ورلڈ گورنمنٹس سمٹ کے موقع پر بھی شدومد سے ہوا ہے اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت سرمایہ کاری کے لئے پرکشش ملک بن چکا ہے پاکستان میں مختلف شعبوں میں موجود سرمایہ کاری کے وسیع امکانات سے خاطر خواہ استفادے کے لئے موجودہ حکومت کے جاری اقدامات کے حوالے سے بھی وزیراعظم نے بات کی ہے اور سرمایہ کار گروپوں کو سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اس حوالے سے عملی طور پر کوشاں ہے اور انہی اقدامات کے نتیجے میں آج پاکستان سرمایہ کاری کے لئے پرکشش ملک بن چکا ہے سرمایہ کاروں کو چاہئے کہ وہ پاکستان آئیں یہاں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے موجود مواقع سے فائدہ اٹھائیں وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز دبئی میں منعقدہ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے دوٹوک اقدامات کے عزم کا اعادہ کیا انہوں نے گرین انرجی پر منتقلی کے حوالے سے بھی اظہار خیال کیا اور کہا کہ پاکستان کو گرین انرجی پر منتقلی کے لئے سو ارب ڈالر درکار ہیں پاکستان کی ہنرمند افرادی قوت اور سٹرٹیجک محل وقوع سرمایہ کاری کے لئے بہترین ہے پاکستان معاشی تبدیلی کی راہ پر گامزن ہے ہم فائیو ایز کے ذریعے قومی اقتصادی ٹرانسفارمیشن پلان پر عمل پیرا ہیں شمسی، ونڈ، پن بجلی اور نیوکلیئر انرجی کو بروئے کار لانے کے لئے مسلسل اقدامات کا سلسلہ جاری ہے پاکستان کو عالمی سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کے لئے حکومتی اقدامات وترجیحات پر وزیراعظم نے کھل کر بات کی اور کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے جو مواقع موجود ہیں سرمایہ کاران سے فائدہ اٹھائیں وزیراعظم نے اس موقع پر متحدہ عرب امارات کے نائب صدر و وزیراعظم اور دبئی کے فرمانروا شیخ محمد بن راشد المکتوم ملاقات کے موقع پر بھی سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے موجودہ حکومت کے دوٹوک عزم کا اعادہ کیا اور سعودی عرب کا خصوصی شکریہ ادا کیا وزیراعظم شہباز شریف نے یو اے ای کو پاکستان کا قابل اعتماد اتحادی قرار دیتے ہوئے اماراتی کاروباری اداروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع سے استفادہ کرنے کی دعوت دی ان کا کہنا تھا کہ توانائی، انفراسٹرکچر، کان کنی اور آئی ٹی جیسے اہم شعبوں میں متحدہ عرب امارات کے سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ وزیراعظم ورلڈ گورنمنٹس سمٹ کے شاندار انعقاد کی تعریف کی جس نے عالمی رہنماؤں، پالیسی سازوں اور ماہرین کو طرز حکومت کے بہتر مستقبل پر عالمی گفتگو کے لئے ایک پلیٹ فارم فراہم کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کاروبار اور جدت کے عالمی مرکز کے طور پر دبئی کی شاندار ترقی کو متحدہ عرب امارات کی دور اندیش قیادت کا ثبوت قرار دیا اور متحدہ عرب امارات کو پاکستان کا قابل اعتماد اتحادی قرار دیتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی سرمایہ کار دوست پالیسیوں پر روشنی ڈالی جس کا مقصد توانائی، انفراسٹرکچر، کان کنی اور آئی ٹی جیسے اہم شعبوں میں متحدہ عرب امارات کے سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اماراتی کاروباری اداروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع سے استفادہ کرنے کی دعوت دی۔ شیخ محمد بن راشد المکتوم نے پاکستان کے ساتھ اقتصادی اور ثقافتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لئے دبئی کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے مختلف شعبوں بشمول مصنوعی ذہانت اور موسمیاتی لچک کے اقدامات میں بڑھتے ہوئے تعاون کا خیر مقدم کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے اور اقتصادی اور سٹریٹجک تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے کے لئے اعلیٰ سطحی سرگرمیاں جاری رکھنے پر اتفاق کیا اس سے قبل گزشتہ رز دبئی میں پاکستانی تاجروں اور سرمایہ کاروں سے خطاب کے موقع پر بھی وزیراعظم شہباز شریف نے نہ صرف پاکستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع اور لامحدود امکانات کا ذکر کیا بلکہ اس حوالے سے حکومتی اقدامات وترجیحات پر بھی کھل کر روشنی ڈالی انہوں نے معاشی بہتری کے حوالے سے موجودہ حکومت کو ملنی والی کامیابیوں کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ ایک سال کا سفر طویل مشکل اور چیلنجز سے لبریز تھا مگر حکومت مسائل پر قابو پانے میں کامیاب ہو چکی ہے ایک سال کے دوران معیشت کی سمت درست ہو گئی ملک میں میکرو اکنامک استحکام آ چکا ہے اب حکومت کا ہدف معاشی شرح نمو ہے جس پر کام ہو رہا ہے مکمل معاشی استحکام کے حصول کے لئے سفر جاری ہے ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے معدنیات کے بے شمار ذخائر دیئے ہیں جو کھربوں ڈالر کے ہیں لیکن اس پر کوئی خاطر خواہ کام نہیں ہو سکا معدنیات کے شعبے میں اب کافی پیش رفت ہو رہی ہے جیسا کہ وزیراعظم نے کہا ہے عین حقیقت بھی یہی ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے وطن عزیز پاکستان کو ہر طرح کے معدنی وسائل سے مالا مال فرمایا ہے مگر المیہ یہ ہوا کہ معدنیات سے بروقت استفادے اور اسے ملک وقوم کی ترقی خوشحالی اور روشن مستقبل کے لئے بروئے کار لانے کے حوالے سے ہم نے بروقت منصوبہ بندی کی اور نہ ہی وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھائے فقط معدنی شعبے پر ہی کیا موقوف زراعت اور گلہ بانی سے لے کر توانائی اور پھر آئی ٹی تک بہت سارے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اور یہ امر قابل ستائش اور مستحسن ہے کہ موجودہ حکومت اس بابت دوٹوک عزم کا اعادہ بھی کرتی آئی ہے اور عملی اقدامات کا بھی سلسلہ جاری ہے ہمیں قوی امید ہے کہ ان اقدامات کوششوں اور کاوشوں کا سلسلہ نہ صرف جاری رکھا جائے گا بلکہ اس میں مزید وسعت اور ہمہ گیریت بھی لائی جائے گی تاکہ سرمایہ کاری کو فروغ دیا جا سکے اور اس طرح معیشت ومعاشرت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے، روزگار کے مواقع کی فراہمی وفراوانی مختلف شعبوں کی جدت اور پائیدار ترقیاتی معاشی اہداف کا حصول یقینی بنایا جا سکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 13 FEB 2025 Page No. 2


## بلوچستان میں ترقی وخوشحالی وفاق کی سنجیدہ کوششوں کے بغیر ناممکن!

بلوچستان ملک کا نصف حصہ ہے۔طویل ساحلی پٹی، قدرتی وسائل سے مالا مال یہ خطہ اپنی منفرد جغرافیائی اہمیت سے دیگر صوبوں سے بالکل الگ مقام رکھتا ہے مگر اس کے باوجود بلوچستان سب سے پسماندہ اور محروم صوبہ ہے۔دیگر صوبوں کی ترقی کے مقابلے میں بہت پیچھے ہے، انگنت مسائل سے دوچار ہے، اس جدید دور میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے ۔انفراسٹرکچر، تعلیم، صحت، آبی قلت سمیت دیگر چیلنجز کا سامنا ہے۔بلوچستان کی محرومی و پسماندگی کو صرف شورش سے جوڑنا زیادتی ہوگی، بلوچستان کا بجٹ دیگر صوبوں کی نسبت کم ہے جو کہ اکثر خسارے کا ہوتا ہے۔بلوچستان میں جاری میگا منصوبوں، گیس، معدنی وسائل اور سی پیک جیسے گیم چینجر منصوبے سے بلوچستان کو اتنا فائدہ نہیں پہنچ رہا جتنے دیگر صوبے مستفید ہو رہے ہیں۔ ملک کے دیگر صوبوں میں موٹر ویز تک بن گئے ہیں مگر بلوچستان کی قومی شاہراہوں کو دو رویہ تک نہیں کیا جاسکا، اس سے وفاقی حکومتوں کی ترجیحات کا پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے بلوچستان کی ترقی میں کتنا حصہ ڈالا اور اسے کتنی اہمیت دی۔آج بھی بلوچستان اپنے محدود وسائل سے پہاڑ جیسے مسائل حل کرنے میں نبرد آزما ہے گوکہ بلوچستان میں مخلوط حکومتوں کی بیڈ گورننس بھی وجہ بنی ہے جہاں ایم پی ایز اور ایم این ایز نے اپنے حلقوں تک کی بہتری کیلئے کوئی مثالی کام نہیں کیا۔ بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے ایک مکمل جامع قومی پالیسی وفاقی سطح پر ہونی چاہئے تب جاکر محرومیوں اور پسماندگی میں کمی آسکتی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی خود اس بات کا اعتراف کررہے ہیں کہ کم رقم اور محدود وسائل سے ترقی ممکن نہیں۔گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ویڈیو لنک کے ذریعے بلوچستان اسٹریٹجی سمٹ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 220 ارب روپے کے محدود ترقیاتی وسائل کے ساتھ پاکستان کے 43 فیصد رقبے پر مشتمل بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ایک بڑا چیلنج ہے۔ صوبے میں بیشتر مسائل ترقیاتی منصوبوں پی ایس ڈی پی کی مس مینجمنٹ کی وجہ سے ہیں اور پی ایس ڈی پی بک پر پی ایچ ڈی کی جاسکتی ہے۔گزشتہ سال 78 فیصد ترقیاتی اسکیموں کو ٹیکنیکل اپروول کے بعد بجٹ کا حصہ بنایا گیا اور حکومت پرعزم ہے کہ آئندہ بجٹ میں 100 فیصد منظور شدہ منصوبے بجٹ کا حصہ ہوں گے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کی شرح 40 فیصد رہی، تاہم موجودہ حکومت میں پہلی بار فروری میں یہ شرح 68 فیصد تک جاچکی ہے اور قوی امید ہے کہ جون تک 90 سے 92 فیصد تک پہنچ جائے گی۔ بہرحال بلوچستان کے بڑے منصوبوں اور معدنی وسائل میں بیرونی سرمایہ کاری کی جارہی ہے مگر اس سرمایہ کاری سے ملنے والے منافع ومحاصل میں بلوچستان کو اس کا مکمل حصہ دیئے بغیر بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن نہیں کیا جاسکتا۔بلوچستان کی ترقی کیلئے وفاقی حکومت کی سنجیدگی ضروری ہے۔ پنجاب اور سندھ میں انسانی وسائل پر بہت زیادہ کام ہورہا ہے، تعلیم اور صحت کے اداروں میں بہت زیادہ کام ہورہا ہے، جدید بس اور ریلوے سروسز جیسے بڑے منصوبے چل رہے ہیں مگر بلوچستان کے عوام بنیادی سہولیات تک سے محروم ہیں لہذا بلوچستان کو وفاقی سطح پر اہمیت دینے کی ضرورت ہے۔بجٹ میں اضافہ، این ایف سی ایوارڈ سمیت بلوچستان کے اپنے میگا منصوبوں کا حق دیا جائے اور وفاقی حکومت اڑان پاکستان پروگرام میں بلوچستان کو زیادہ ترجیح دے، ان اقدامات سے بلوچستان کی پسماندگی اور محرومیوں کا خاتمہ ممکن ہوسکے گا اور صوبے ترقی وخوشحالی آئے گی جو کہ خطے کی عوام کا حق ہے اور اسے پورا کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔

---

ہے اور ہمیں قوی امید ہے کہ یہ اقدامات کوششیں اور کاوشیں ثمر بار ہوں گی اور بلوچستان جلد ہی ترقی وخوشحالی کی منزل تک پہنچ گا۔

پیش رفت جاری ہے، جس سے بزنس کمیونٹی کو مالی امور میں آسانیاں میسر آئیں گی۔ تب تک بلوچستان حکومت کے خود مختار ادارے نجی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 85

Dated: 13 FEB 2025 Page No. 23


## ترقی کا ہدف، سرمایہ کاری کے مواقع اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا عزم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے کی تعمیر وترقی، مختلف شعبوں میں جدت واستحکام اور صوبے کے دیرینہ عوامی مسائل کے حل کے لئے نہ صرف پرعزم ہیں اور ان کی زیر قیادت موجودہ مخلوط صوبائی حکومت دوٹوک اقدامات بھی اٹھارہی ہے بلکہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی خود بھی گاہے بگاہے اپنے مشن، عزم اور مستقبل کے اہداف وترجیحات کے حوالے سے اظہار خیال کرتے رہتے ہیں ابھی گزشتہ روز انہوں نے بلوچستان اسٹریٹجی سمت کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایک بار پھر بلوچستان کی تعمیر وترقی کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے انہوں نے اہداف وترجیحات کا بھی ذکر کیا اور ساتھ ہی بعض چیلنجز کا خصوصی طور پر محدود وسائل کی انہوں نے بات کی ہے ان کہنا تھا کہ 220 ارب روپے کے محدود ترقیاتی وسائل کے ساتھ پاکستان کے 43 فیصد رقبے پر مشتمل بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ایک بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بیشتر مسائل ترقیاتی منصوبوں کی مس مینجمنٹ کی وجہ سے ہیں اور پی ایس ڈی پی بک پر پی ایچ ڈی کی جاسکتی ہے۔ گزشتہ سال اٹھہتر فیصد ترقیاتی اسکیموں کو ٹیکنیکل اپروول کے بعد بجٹ کا حصہ بنایا گیا، اور حکومت پرعزم ہے کہ آئندہ بجٹ میں سو فیصد منظور شدہ منصوبے بجٹ کا حصہ ہوں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کی شرح چالیس فیصد رہی، تاہم موجودہ حکومت میں پہلی بار [illegible]ن میں یہ شرح اڑسٹھ فیصد تک جا چکی ہے اور قوی امید ہے کہ جون تک نوے سے بیانوے فیصد تک پہنچ جائے گی انہوں نے کاروباری برادری اور عالمی وقومی غیر سرکاری اداروں سے اپیل کی کہ وہ آگے بڑھیں، کیونکہ حکومت اکیلے تمام مسائل حل نہیں کرسکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ جب تک بزنس کمیونٹی اور سرمایہ کار آگے نہیں آئیں گے، عام آدمی سردی میں ٹھٹھرنے اور گرمی میں جھیلنے کے مصائب سے دوچار رہے گا وزیراعلیٰ نے معدنی شعبے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ماڈل، گورننس کے حوالے سے بھی کھل کر اظہار خیال کیا ہے اور کہا ہے کہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاروں کو انڈسٹریل اسٹیٹ، ہاؤسنگ اسکیمیں اور جملہ سہولیات فراہم کی جائیں گی انہوں نے یقین دلایا کہ بلوچستان بینک کے قیام کے لیے سنجیدہ اقدامات جاری ہیں، اور بحیثیت وزیراعلیٰ حلف اٹھانے کے ساتویں روز انہوں نے اس بینک کے قیام کی ہدایت دی تھی۔ کنسلٹنٹ نے ابتدائی فزیبلٹی رپورٹ جمع کرادی ہے، اور مزید پیش رفت جاری ہے، جس سے بزنس کمیونٹی کو مالی امور میں آسانیاں میسر آئیں گی۔ تب تک بلوچستان حکومت کے خود مختار ادارے نجی بینکوں کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے مائننگ سیکٹر پر بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کو اس شعبے سے خاطر خواہ ریونیو نہیں مل رہا، تاہم اس کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مائننگ سیکٹر کو انڈسٹری کا درجہ دینے کے احکامات جاری کردیے گئے ہیں اور اگلی نشست میں جب ملاقات ہوگی، تب مائنز کو باقاعدہ انڈسٹری کا درجہ حاصل ہو چکا ہوگا۔ اس سے مائنز کے مزدوروں کی ورکرز ویلفیئر بورڈ میں رجسٹریشن بھی ممکن ہوگی اور مائننگ لائسنس کے اجرا میں آسانی پیدا کی جائے گی انہوں نے توانائی کے مسائل پر بات کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں سولر اور ونڈ انرجی پر کام جاری ہے، کیونکہ بلوچستان میں ایشیا کا بہترین ونڈ کوریڈور موجود ہے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سولر پارک بنائے جارہے ہیں تاکہ سرمایہ کاروں کو کارخانے لگانے کے لیے حسب ضرورت بجلی اور گیس کی سہولت فراہم کی جاسکے۔ حکومت انچاس میگاواٹ تک بجلی خود بنا سکتی ہے، اور سولر پارک کے ذریعے کاروباری طبقے کو سستی بجلی دی جائے گی انہوں نے سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ سرمایہ کاروں کو ون ونڈو کے تحت ہر سہولت فراہم کی جائے گی، اور کوئی بیوروکریٹک رکاوٹ یا ریڈ ٹیپنگ نہیں ہوگی۔ سرمایہ کار آئیں، حکومت انہیں زمین دے گی اور تمام بنیادی سہولیات فراہم کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی قائم کی گئی ہے، جسے ہر قسم کے سیاسی دباؤ سے آزاد رکھا گیا ہے۔ عوامی مفاد کے ادارے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت فعال کیے جارہے ہیں، اور اس سلسلے میں مافیا کی مخالفت کے باوجود کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے وفاقی منصوبوں میں بلوچستان کے حصے کی بھی بات کی بلوچستان کے لئے فنڈز کے اجراء، صوبے کے وسائل کی ترقی کے حوالے سے بھی کھل کر اپنا موقف سمٹ کے شرکاء کے سامنے رکھا اور بلوچستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے بہت زیادہ مواقع ہیں سرمایہ کار آئیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کریں اس حوالے سے حکومت بلوچستان انہیں ہر ممکن مدد اور معاونت دے گی وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ صوبے میں ترقی کا سورج طلوع ہو رہا ہے اور اس بات میں کسی قسم کے شک وشبے کی گنجائش بھی نہیں کہ اس وقت صوبے میں فی الواقعی تعمیر وترقی کا سفر تیزی سے جاری ہے صوبہ ایک نئی کروٹ لے رہا ہے حکومت معاشی سرگرمیوں کے فروغ، روزگار کے مواقع کی فراہمی، صحت، تعلیم اور دیگر شعبوں میں جدت وبہتری اور اصلاح احوال اور سب سے بڑھ کر عوام دوست طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے اور ہمیں قوی امید ہے کہ یہ اقدامات کوششیں اور کاوشیں ثمر بار ہوں گی اور بلوچستان جلد ہی ترقی وخوشحالی کی منزل تک پہنچے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: [illegible]

Bullet No. 5

Dated: 13 FEB 2025 Page No. 24


## وزیراعلیٰ بلوچستان کی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کی دعوت!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ بلوچستان ملک کا واحد صوبہ ہے جہاں پرائیویٹ سیکٹر میں صنعتیں اور کارخانے نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اس کے صرف ایک شہر حب میں کچھ فیکٹریاں اور صنعتیں ہیں اس کے علاوہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت اہم شہروں میں فیکٹریاں اور صنعتیں نہیں ہیں۔ جس کی وجہ سے یہ صوبہ ملک کے دیگر صوبوں سے پیچھے ہے حالانکہ بلوچستان واحد صوبہ ہے جو قدرتی معدنیات سے مالا مال ہے یہاں مختلف شعبوں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی سہولتیں ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کے باوجود یہاں سرمایہ کاری سرمایہ کار کرنے سے کتراتے ہیں اگر صوبے میں سرمایہ کاری کی جائے تو اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ویڈیو لنک کے ذریعے بلوچستان سٹریٹجی سمٹ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایک بار پھر سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ سرمایہ کاروں کو ون ونڈو کے تحت ہر سہولت فراہم کی جائے گی اور کوئی بیوروکریٹ رکاوٹ یا ریڈ ٹیپنگ نہیں ہوگی۔ سرمایہ کار آئیں حکومت انہیں زمین دے گی اور تمام بنیادی سہولیات فراہم کرے گی۔ محدود ترقیاتی وسائل کیساتھ پاکستان کے 43 فیصد رقبے پر مشتمل بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ایک بڑا چیلنج ہے۔ بیشتر مسائل ترقیاتی منصوبوں پی ایس ڈی پی کی مینجمنٹ کی وجہ سے ہیں اور پی ایس ڈی پی بک پر پی ایچ ڈی کی جاسکتی ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کی دعوت اور ان کو ہر ممکن سہولتوں کی فراہمی کا کہنا بلاشبہ ایک قابل تعریف اقدام ہے۔ ان کا یہ اقدام اس بات کی غمازی کرتا ہے وہ بلوچستان میں پرائیویٹ سیکٹر میں صنعتوں کارخانوں اور دیگر کاروبار کا فروغ چاہتے ہیں۔ جس سے صوبہ ترقی کر کے ملک کے دیگر ترقی یافتہ صوبوں کے برابر آ سکتا ہے۔ اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان بڑی محنت کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے حالیہ مذکورہ خطاب میں تمام پوزیشن واضح کردی ہے اس میں انہوں نے سرمایہ کاروں کو تحفظ دینے کے ساتھ ساتھ دیگر مراعات بھی فراہم کرنے کی بات کی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5 (1) Dated: 13 FEB 2025 Page No. 25

# Dawn for Balochistan's Youth

In a historic move that promises to transform the lives of thousands of young people in Balochistan, the provincial government has finalized a groundbreaking program to send skilled youth abroad for employment. The first batch of 24 trained individuals is set to leave for Saudi Arabia next week, marking the beginning of an ambitious initiative that aims to send 30,000 skilled youths overseas over the next five years. This program, the first of its kind in Pakistan's history at the official level, is a testament to the government's commitment to addressing unemployment and fostering economic development in Balochistan. The initiative, aptly named the Chief Minister Youth Skills Development Program, is not just about creating employment opportunities; it is about empowering the youth of Balochistan with skills that will enable them to compete in the global job market. By focusing on skill development and overseas employment, the program addresses two critical issues simultaneously: the lack of skilled labor in Balochistan and the need for gainful employment for its youth. This dual approach has the potential to bring about a significant socio-economic transformation in the province. The program's immediate goal is to send 2,375 youths abroad by June this year, with the broader target of 30,000 over five years. To achieve this, the government has taken several proactive measures. Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has directed officials to remove all obstacles in the implementation of the program and expedite the process. His emphasis on merit-based selection, streamlined visa and passport processes, and the elimination of unnecessary delays reflects a clear vision for the program's success. By ensuring that preliminary medical tests are conducted in government diagnostic laboratories and reducing the waiting time for selected candidates in Islamabad, the government is demonstrating its commitment to making the process efficient and transparent.

One of the most commendable aspects of this initiative is its focus on inclusivity and fairness. Chief Minister Bugti has repeatedly stressed the importance of merit at every stage of the program, from aptitude tests to final selection. This ensures that the most deserving candidates are chosen, fostering a sense of trust and credibility in the program. Moreover, the government's determination to provide the necessary resources and operational budget underscores its seriousness in making this initiative a success. The program's potential impact extends far beyond individual

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5 (2) Dated: 13 FEB 2025 Page No. 26

employment opportunities. By equipping Balochistan's youth with marketable skills and facilitating their employment abroad, the initiative will contribute to the province's economic development. Remittances sent back by these workers will not only improve the living standards of their families but also inject much-needed foreign exchange into the local economy. Over time, this could lead to a reduction in poverty and an increase in investment in education and healthcare, creating a positive cycle of growth and development. Program sets a precedent for other provinces to follow. By prioritizing skill development and overseas employment, Balochistan is leading the way in addressing the challenges of unemployment and underemployment. The success of this initiative could inspire similar programs across the country, contributing to Pakistan's overall economic stability and growth.

Road ahead is not without challenges. Ensuring the program's sustainability and effectiveness will require continuous monitoring, evaluation, and improvement. The government must remain vigilant in addressing any issues that arise, whether they pertain to bureaucratic delays, training quality, or the welfare of workers abroad. Collaboration with international partners, particularly in destination countries like Saudi Arabia, will be crucial in ensuring that the program meets its objectives. Chief Minister Youth Skills Development Program is a beacon of hope for the youth of Balochistan. It represents a bold and visionary step towards economic empowerment and social uplifttment. By investing in the province's most valuable resource its youth the government is laying the foundation for a brighter and more prosperous future. As the first batch of skilled workers prepares to embark on their journey, we must celebrate this milestone while remaining committed to the program's long-term success. Balochistan's youth deserve nothing less than the opportunity to thrive, and this initiative is a significant step in that direction.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 13 FEB 2025 Page No. 27


By Attahullah Jattak

# A Tragic Tale of Injustice in Balochistan

In the serene village of Anjeera, nestled in Balochistan, lived Abdul Salam, the son of Muhammad Umer Mengal. He began his educational journey at the local primary school before advancing to Al Hijra Residential School and College in Ziarat, where he completed his matriculation and FSc. His academic pursuits led him to the Engineering University of Khuzdar, where he enrolled in the civil engineering program.

During his second year, Abdul Salam became engaged to his cousin, Asma Baloch, who was still attending school. Known for his talent and motivation, Abdul Salam was a beacon of inspiration in his village, eagerly anticipating a future with Asma after completing his studies.

However, their dreams were shattered when Zahoor Jamalzai conspired with Niaz Ahmed Sheikh to eliminate Abdul Salam. On November 13, 2012, under the guise of a friendly outing, Niaz Ahmed invited Abdul Salam to the nearby village of Lakhorian. Tragically, it was there that Zahoor, with Niaz's assistance, ended Abdul Salam's life.

Following this heinous act, Zahoor brazenly informed Abdul Salam's family of the murder, expressing his desire to marry Asma and warning them against arranging her marriage to anyone else. Despite repeated proposals and escalating threats, Asma's family steadfastly refused. Fearing for their safety, they relocated to Khuzdar, but the harassment persisted.

On February 5, 2025, under the cover of night, Zahoor and a group of armed men forcibly entered Asma's home in Khuzdar. They assaulted her family, bound them, and abducted Asma, leaving her without shoes or a chadar. In response, her family and the local community protested by blocking the road near the vegetable market in Khuzdar, demanding her safe return.

The abduction sparked widespread protests and condemnation across Balochistan, with locals blocking major highways to demand justice.

On the third day of protests, the abductors released two distressing videos of Asma, recorded under duress. The people of Balochistan united in outrage, shutting down roads and markets for three consecutive days. Individuals from various communities, including tribal leaders, journalists, civil society activists, religious scholars, political figures, educators, and students, rallied for Asma's safe return.

Ultimately, Asma was released to the district administration. Upon her return, she was frail and traumatized but courageously recounted her ordeal, detailing the abduction and the coercion she endured. The abductors had threatened further violence against her family.

Despite the public outcry, the perpetrators remain at large, unapprehended by the authorities. Asma's family, along with the entire nation, looks to the district administration to bring the criminals to justice. However, hope wanes as the assailants wield significant power and influence. Now, Asma's family appeals to communities worldwide to amplify their plea for justice and ensure the culprits are held accountable.

CamScanner